1989ء سے مسلسل اشاعت | 25 تا 31 اگست 2023 | شمارہ نمبر 35 | جلد نمبر 35

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp





BMG

بزنس مین پینل

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIAGloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725





# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a premium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user.

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award 2011-2012




Printed on NEVIAGloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




SELF ADHESIVE STICKER PAPER
INDONESIA

Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general and use.

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIAGloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک — قیمت 100 روپے

# پیپر بزنس

**پبلشرز: حرارؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

شمارے کے صفحات: 22 رنگین، 18 عمومی

**بانی: محمد رؤف**

ایڈیٹوریل بورڈ:

پبلشر وا یگزیکٹو ایڈیٹر: حرارؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

پیج میکنگ و ڈیزائننگ: عمران صدیقی

سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری

معاون: عدنان انصاری

**رابطہ آفس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر،

بلاک M، نارتھ ناظم آباد،

بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

weeklypaperbusiness@gmail.com

فون: 0300-2933229

ویب سائٹ: weeklypaperbusiness.com

**چارجز: (سالانہ)**

بمعہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

بمعہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے

بمعہ ڈیجیٹل ایڈیشن 1000 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی

IBAN No: PK72SUMB0256027141112960


# انتخابی پروگرام جاری کرنے والے چیمبرز اور ڈی جی ٹی او کے خلاف توہین عدالت کی درخواست سماعت کیلئے منظور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشنز (DGTO) اور وہ تمام چیمبرز جنہوں نے الیکشن شیڈول جاری کئے ہیں ان تمام کے خلاف اسلام آباد ہائیکورٹ نے توہین عدالت کی درخواست سماعت کیلئے منظور کر لی۔ توہین عدالت کی درخواست رحیم یار خان کے موجودہ عہدیداران کے مخالف گروپ سے ایک سابقہ اور ایک موجودہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر نے فائل کی ہے۔ توہین عدالت میں انہوں نے ملک کے بشمول تمام وہ چیمبرز جنہوں نے الیکشن شیڈول جاری کئے اور ڈی جی ٹی او کو جواب دہندہ بنایا ہے۔ درخواست گزاروں کا موقف ہے کہ ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشنز پر توہین عدالت لگنی چاہیئے کیونکہ جب چیمبرز نے شیڈول بنا کر جمع کروائے تو ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشنز نے کوئی بھی جواب نہیں دیا جبکہ انہیں کہنا چاہئے تھا کہ یہ تمام شیڈول نہ صرف غیر قانونی ہیں بلکہ توہین عدالت کے زمرے میں آتے ہیں کیونکہ عدالت نے اس معاملے پر حکم امتنائی جاری کر رکھا ہے۔ ایسا نہ کر کے ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشنز نے ایک طرح سے ان تمام چیمبرز کی حوصلہ افزائی کی ہے اور اس طرح سے خود بھی توہین عدالت کے مرتکب ہوئے ہیں۔ عدالت نے درخواست گزاروں کے موقف کی تائید کرتے ہوئے مقدمہ سماعت کے لئے منظور کرلیا ہے جس کا مطلب یہ کہ ان تمام چیمبرز کے خلاف ایک طرح کی ایف آئی آر درج ہو گئی ہے اور عدالت نے ڈی جی ٹی او اور دوسرے مسؤل علیہان سے جواب طلب کر لیا ہے۔ یاد رہے کہ توہین عدالت کی سزا 6 ماہ تک قید اور جرمانہ ہے اور اس کے نتیجے میں ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ 2013 کے تحت پانچ سال تک کے لئے نااہلی ہے۔ واضح رہے کہ ڈی جی ٹی او دفتر سے جاری ہونے والی 7 جولائی کے الیکشن شیڈول کا خط ٹریڈ آرگنائزیشن (امینڈمنٹ) ایکٹ 2022 سے متصادم تھا جس کی وجہ سے کچھ چیمبرز نے عدالت سے رجوع کیا تھا جس پر عدالت نے اس خط پر 13 جولائی کو حکم امتنائی جاری کر دیا تھا۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

0308-2933229


# سپریم کورٹ نے چیمبرز الیکشن سے متعلق درخواست خارج کردی

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹریڈ آرگنائزیشنز اور چیمبرز میں الیکشن کروانے کیلئے دائر درخواست کو سپریم کورٹ آف پاکستان نے خارج کر دیا۔ سپریم کورٹ آف پاکستان نے درخواست خراج کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے حکم نامے میں کوئی قانونی سقم نہیں ہے جس پر سپریم کورٹ مداخلت کرے۔ واضح رہے کہ ڈی جی ٹی او دفتر سے جاری ہونے والے 7 جولائی کے الیکشن شیڈول کا خط ٹریڈ آرگنائزیشن (امینڈمنٹ) ایکٹ 2022 سے متصادم تھا جس کی وجہ سے کچھ چیمبرز نے عدالت سے رجوع کیا تھا جس پر اسلام آباد ہائی کورٹ نے اس خط پر 13 جولائی کو حکم امتنائی جاری کر دیا تھا۔ اس کیس کی اگلی تاریخ 5 اکتوبر ہے۔ اس خط کی معطلی کے بعد جن بھی چیمبرز نے الیکشن شیڈول جاری کیا تھا ان کے خلاف اسلام آباد ہائی کورٹ نے توہین عدالت کی درخواست کو منظور کر لیا تھا۔ اس معاملے میں عدالت نے ڈی جی ٹی او کو 15 ستمبر کو طلب کر رکھا ہے اور ان سے یہ بھی پوچھا ہے کہ جن چیمبرز نے انہیں الیکشن شیڈول بھیجے ہیں ان کی تفصیل بھی عدالت میں جمع کروائیں۔ سپریم کورٹ نے دلائل سننے کے بعد درخواست کو خارج کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ عین قانون اور آئین کے مطابق ہے اور اس پر سپریم کورٹ کی جانب سے مداخلت کا جواز نہیں ہے۔ اس مقدمے کے خارج ہونے کے بعد یہ بات واضح ہو چکی ہے کے ٹریڈ باڈیز کے الیکشن اب اگلے سال یعنی 2024 میں ہوں گے۔

# جعلی انوائس کیس میں تین ملزمان گرفتار

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن (ان لینڈ ریونیو) کراچی نے زیڈ اے امپیکس نامی جعلی یونٹ کے خلاف جعلی اور فلائنگ انوائسز جاری کرنے اور تقریباً 12 ارب روپے قومی خزانے کو نقصان پہنچانے پر ایف آئی آر درج کرائی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایف آئی آر ڈائریکٹر جنرل عقیل احمد صدیقی کی ہدایت پر درج کی گئی۔ ڈائریکٹر طارق غنی نے اعظم نفیس اے ڈی، انجینئر پر مشتمل ٹیم تشکیل دی۔ انوائس کارٹیل چلانے والے انوائس مافیا کی گرفتاری کے لیے محمود شاہ اے ڈی اور عبدالجلیل خان اے ڈی اور ٹیم نے فیصل آباد میں چھاپہ مار کر ایک ملزم حسن کو گرفتار کرلیا۔ انٹیلی جنس ایجنسی کے تعاون سے اسلام آباد کے قریب ایک اور چھاپہ مارا گیا جس کے نتیجے میں ایک اور چالان مافیا فیصل میمن کو گرفتار کرلیا گیا۔ اس اسکینڈل میں ملوث پرال کے ایک ملازم کو بھی اسلام آباد سے گرفتار کر لیا گیا۔ آئی اینڈ آئی انٹیلی جنس کراچی کی سفارشات پر متعدد جعلی یونٹس کو بلیک لسٹ کیا گیا ہے اور تقریباً کئی ملین روپے کی وصولی کی گئی ہے۔ اس پریکٹس کے دوران 32.5 ملین روپے کمائے گئے ہیں۔ مزید تفتیش جاری ہے اور جلد ہی کچھ اور ہائی پروفائل گرفتاریاں متوقع ہیں۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# کراچی چیمبر کے الیکشن: تاجر بھرپور حصہ لیں گے، شرجیل گوپلانی

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی چیمبر کے الیکشن 2023 میں کراچی کی شٹر پاور تاجر برادری بھرپور انداز میں حصہ لے گی۔ ملک کی معیشت کی تباہی اور زبوں حالی میں حکومت کے ساتھ کراچی چیمبر کا بھی ہاتھ ہے۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین آل سٹی تاجر اتحاد ایسوسی ایشن رجسٹرڈ صدر کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ اور چیئرمین آل پاکستان ٹمبر ٹریڈرز ایسوسی ایشن، محمد شرجیل گوپلانی نے کراچی کے مختلف تاجر رہنماؤں اور صنعت کاروں سے ملاقات میں کیا۔ جس میں چیئرمین آل کراچی گروسرز ہول سیل ایسوسی ایشن رؤف ابراہیم، سابق نائب صدر ارشد جمال اور دیگر تاجر رہنما بھی موجود تھے۔ شرجیل گوپلانی نے کہا کہ کراچی چیمبر نے پچھلے ہر سالوں میں الیکشن کے عمل کو روکنے کے لیے ہر قسم کے غیر ضروری اقدامات کیے ہیں۔ جس کی وجہ سے الیکشن نہیں ہو پاتے۔ انہوں نے بندر بانٹ یعنی آج تیری باری، کل میری باری کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ جس کے تحت لوگوں کو الیکشن میں حصہ لینے سے روکا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ الیکشن میں حصہ لینے کے لیے فیس پچاس ہزار روپے رکھی گئی ہے تاکہ چھوٹا تاجر الیکشن سے دور رہے۔ شرجیل گوپلانی نے کہا کہ الیکشن کسی بھی معاشرے کے سدھار میں بہتری لانے کا عمل ہوتا ہے۔ ہم بھرپور کوشش کریں گے کہ کراچی چیمبر کی تمام سیٹوں پر نئے لوگوں کو لایا جاسکے۔ تاکہ ایک مخصوص گروپ کی اجارہ داری کو ختم کیا جاسکے۔ ان کی اجارہ داری کی وجہ سے مخصوص طبقہ اربوں پتی ہو چکا ہے۔ کراچی چیمبر کا کوئی ایسا قابل ذکر کام نہیں ہے کہ جس کی مثال دی جاسکے۔ جس طرح سیالکوٹ چیمبر نے ملک کی معیشت میں اپنا کردار ادا کیا ہے اور جس طرح سیال ایئر لائن دی جو سیالکوٹ چیمبر کے تعاون سے اس ملک میں کام کر رہی ہے۔ وہاں کا ائیر پورٹ بھی سیالکوٹ چیمبر نے بنایا ہے۔ شرجیل گوپلانی نے کہا کہ فیصل آباد چیمبر نے انڈسٹری کو بہت فروغ دیا اور تاجروں کے مفاد میں بہت کام کیا، اسی طرح ملک کے دیگر چیمبرز نے چھوٹے تاجروں کو اولین ترجیح دی ہے جبکہ کراچی چیمبر نے چھوٹے تاجروں کی کمیٹی بھی تاحیات ایک شخص کو دے دی ہے، تاجر برادری اس بادشاہت کے نظام کو ختم کرنے کے لیے بھرپور انداز میں حصہ لے گی۔ شرجیل گوپلانی نے کہا کہ ہم کراچی کے تاجروں سے اپیل کرتے ہیں کہ اس الیکشن میں بھرپور حصہ لیں، کوشش کریں کہ ہر ضلع سے آپ کا نمائندہ الیکشن کا امیدوار ہو، تاکہ چہرے اور نظام کو تبدیل کرنے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرے۔ کراچی کی تاجر برادری اس الیکشن میں ہر ممکن کوشش کرے گی کہ اس نظام کو تبدیل کرنے کی طاقت کے ساتھ عمل میں آئے۔ اس ملاقات میں کراچی کی تاجر برادری کے دیگر رہنما بھی موجود تھے جن میں محمد احمد شمسی جنرل سیکریٹری، یعقوب بالی سینئر نائب صدر (آل سٹی تاجر اتحاد ایسوسی ایشن)، فیصل جان کبیر صدر (آل سٹی تاجر اتحاد ایسوسی ایشن)، سید محمد سعید وائس چیئرمین (آل سٹی تاجر اتحاد ایسوسی ایشن)، زاہد امین (صدر آل سٹی تاجر اتحاد ایسوسی ایشن) طارق ممتاز (نائب صدر آل سٹی تاجر اتحاد ایسوسی ایشن)، حافظ محمد طیب حسیب اخلاق، چوہدری ایوب، عاطف شیخ، اسلم قریشی، عثمان صدیقی فنانس سیکریٹری (آل سٹی تاجر اتحاد ایسوسی ایشن)، ظفر خان (کورنگی بچت بازار)، محمد زبیر علی خان جوائنٹ سیکریٹری (آل سٹی تاجر اتحاد ایسوسی ایشن)، فیاض ابوبکر، شاہد بٹ (کنو یز کورنگی)، اسلم پرویز اور یونس بچوتر جمان آل پاکستان انجمن تاجران محمد اسماعیل لالپوریہ نے بھی شرکت کی۔

## ٹرانزٹ ٹریڈ کو بہتر بنانے کے لیے پاکستانی وفد کا افغانستان کا دورہ

پشاور (بزنس ڈیسک) پاک افغان سرحد کی دونوں جانب ٹرانزٹ ٹریڈ کے لیے موثر رابطہ کاری کو بہتر بنانے کے لیے پاکستان کے ایک وفد نے افغانستان کا دورہ کیا، 15 رکنی وفد کی سربراہی ڈائریکٹر ٹرانزٹ کسٹمز ڈیپارٹمنٹ ارباب قیصر حمید کر رہے تھے۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر ٹرانزٹ ٹریڈ شمس وزیر، ایڈیشنل کلکٹر اپریزمنٹ محمد رضوان، ڈپٹی کلکٹر اپریزمنٹ محب خان اور ڈائریکٹر ضیاء الحق سرحدی بھی وفد کا حصہ تھے۔ رئیس گمرک (کسٹم) صوبہ ننگرہار حاجی فضل ہادی نے وفد کا افغانستان پہنچنے پر استقبال کیا۔ اجلاس کے شرکاء نے سامان کی کلیئرنس میں التواسمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا اور مسائل کے حل کے لیے مختلف تجاویز پیش کیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر ضیاء الحق سرحدی نے اسٹیک ہولڈرز کو ٹرانزٹ ٹریڈ کے 2010 کے معاہدے پر اعتماد میں لینے کا مطالبہ کیا جس پر عملدرآمد میں تاخیر کا سامنا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ 2010 کے نئے ٹرانزٹ ٹریڈ ایگریمنٹ کو جلد از جلد عملی شکل دی جائے بصورت دیگر تاجر برادری کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ضیاء سرحدی نے ٹرین میں کارگو ٹرانسپورٹیشن کی فراہمی کا مطالبہ کیا انہوں نے مزید کہا کہ ٹرک پر کنٹینرز کی نقل و حمل بہت مہنگی ہے اور اس سے تاجروں پر اضافی مالی بوجھ پڑتا ہے۔ انہوں نے سرحد پر فلیگ میٹنگ کے انعقاد کو سراہا جس سے نہ صرف افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کے اسٹیک ہولڈرز کو ملاقات کی اجازت ملتی ہے بلکہ ٹرانزٹ ٹریڈ کی ہموار سفر میں درپیش مسائل اور رکاوٹوں کو بھی شیئر کیا جاتا ہے۔ انہوں نے ویزا کے اجراء کے عمل کو تیز کرنے کا بھی مطالبہ کیا، مسائل کے جلد از جلد حل کے لیے وزارت تجارت میں بنائی گئی رابطہ کمیٹی کی تشکیل کی تجویز بھی پیش کی گئی۔

## روپے کے مقابلے میں امریکی ڈالر 300 کی حد عبور کر گیا

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) پاکستانی کرنسی روپیہ، منگل 22 اگست 2023 کو ڈالر' یورو' پونڈ سٹرلنگ' چینی یوآن' یو اے ای درہم' سعودی ریال اور دوسری عالمی کرنسیوں کے مقابلے میں ریکارڈ گراوٹ کا شکار ہوا ہے۔ انٹر بینک ریٹ میں مالی سال 2023ء میں گزشتہ ہفتے تک ڈالر 286 روپے انتالیس پیسے کا اوسطاً رہا لیکن منگل 22 اگست کو انٹر بینک میں ڈالر کا ریٹ ملک میں سیاسی بے یقینی جس کا موجب صدر عارف علوی کا 21 اگست کا ٹویٹ بنا ہے۔ پاکستان کی کرنسی مارکیٹ ہلچل کا شکار ہو گئی اور اوپن مارکیٹ میں ڈالر 315 روپے کی ریکارڈ حد تک چلا گیا۔ جبکہ بدھ 23 اگست کو انٹر بینک میں ڈالر 74 پیسے مہنگا ہو کر 299 روپے 75 پیسے کا ہو گیا۔ دوسری جانب اوپن مارکیٹ میں ڈالر 315 روپے میں فروخت ہوا۔ اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت 22 اگست کو 311 روپے تھی جبکہ منگل 22 اگست 2023 کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے مطابق انٹر بینک میں کاروبار کے اختتام پر ڈالر کا بھاؤ 299 روپے ایک پیسے تھا۔

## عمرہ زائرین کو 24 گھنٹے میں ویزہ مل جائے گا، سعودی وزیر حج و عمرہ

کراچی (نیوز ڈیسک) سعودی وزیر حج و عمرہ ڈاکٹر توافق بن فوزان الربیعہ نے کہا ہے کہ عمرہ زائرین کو 24 گھنٹے میں ویزہ مل جائے گا۔ کراچی میں میڈیا بریفنگ میں سعودی وزیر حج و عمرہ نے کہا کہ حرمین شریفین کے زائرین کو بہترین سہولتیں فراہم کی جائیں گی پاک سعودی عرب تعلقات میں سیاحتی اور تجارتی تعلقات سے بہتری آئے گی۔ سعودی وزیر نے کہا کہ دونوں ملکوں میں سفری سہولت میں بہتری کیلئے سی ایا اے حکام کی ملاقاتیں ہوئی ہیں ائیر لائنز کی بہتری کیلئے ایوی ایشن حکام مسافروں کو بہترین سفری سہولتیں فراہم کریں گے۔ ڈاکٹر توافق بن فوزان الربیعہ نے کہا کہ روڈ ٹو مکہ پروجیکٹ کے مزید ایئر پورٹ پر آغاز سے ایمیگریشن اور سفری سہولت میں بہتری ملے گی۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان سے گزشتہ سال 16 لاکھ عمرہ زائرین سعودی عرب پہنچے جب کہ آئندہ حج میں پروازوں میں اضافے کیلئے ایئر لائنز سے بات چیت جاری ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725



ہار اور جیت تو اپنے اندر ہوتی ہے
مان لو تو ہار ہے ٹھان لو تو جیت ہے

ہم محمد سلیم بیکیا اور آئی بی ایم کی ٹیم کو

# مبارکباد

انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کے چیف ایگزیکٹیو

# جناب محمد سلیم بیکیا

اوران کی پوری ٹیم کو
رائٹنگ پرنٹنگ پیپر H.S. Code 4810.1910 کا مقدمہ
پہلے کسٹم اپیلٹ ٹریبونل کے ڈبل بینچ اور اب سندھ ہائی کورٹ کی دو ڈبل بینچز کے
چار معزز جج صاحبان کے حکم کے تحت جیتنے پر

دلی **مبارکباد** دیتے ہیں

**محمد سلیم بیکیا** اوران کی ٹیم نے درآمد کنندگان اور ٹریڈ کے اجتماعی مفاد میں
رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کے درست ایچ ایس کوڈ 4810.1910 کو اعلیٰ عدالتوں میں تسلیم کرالیا

آئی بی ایم کی اس کامیاب جدوجہد پر انہیں دلی **مبارکباد**


**Variety Papers**

Shahrah-e-Liaquat, Opp. Bohra Jamat
Khana, Karachi, Pakistan.
Tel: (021) 32637732, 32210230, 32213225

**Gul Impex**

Shop # 1, Burhani Lounge, Tayyabjee Road,
Karachi, Pakistan.
Tel: (021) 32634812, 322102104, 37615845





Printed on NEVIAGloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 32212081, 32601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIAGloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725




IBM TM
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

Brands of the year Award TM © IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award TM © IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIAGloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

联盛浆纸
Liansheng Pulp & Paper Industry

联盛浆纸（漳州）有限公司

# LIANSHENG PULP & PAPER INDUSTRY

**One of the biggest**
**Paper & Board producer**
**in the China**




**Coated Packaging Board**

**Coated Duplex Board**

**LIANSHENG** mill Appoint

# DAULAT SONS

**As an Exclusive Agent For Pakistan Market**

**For Any Requirements & Details**

**Mills Representative**

**Mahmood Hussain**
9/1/11 Yousuf Hakeemuddin Building Tayyabji Road, Karachi.
Tel: 92 21 32628735 - 92 21 32628742 - Mobile : 92 300 9205658
E-mail: ihpackages@hotmail.com



Printed on NEVIAGloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# گرافک بورڈ ساوی برائٹ، درآمدی بلیچ بورڈ اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری رہیں اور 23 اگست 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں انڈونیشین گرافک بورڈ ساوی برائٹ ، درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ، رئیل ، چینمنگ ، پنڈوڈیلی اور ایلی کنگ پرو چائنا اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ گرافک بورڈ ساوی برائٹ 23x36 سائز، 290 گرام ، 500 روپے سے بڑھ کر 510 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ گرافک بورڈ ساوی برائٹ 25x36 سائز ، 290 گرام ، 480 روپے سے بڑھ کر 490 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 352 روپے سے بڑھ کر 355 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی بلیچ بورڈ رئیل شیٹس تمام سائز تمام گرام 355 روپے سے بڑھ کر 360 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 340 روپے سے بڑھ کر 355 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈوڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 340 روپے سے بڑھ کر 350 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ ایلی کنگ پرو چائنا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 350 روپے سے بڑھ کر 358 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی سی براؤن 70 گرام، 1280 روپے سے بڑھ کر 1320 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام 1300 ، روپے سے بڑھ کر 1330 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 65 گرام 1150 ، روپے سے بڑھ کر 1200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی A3 سائز 70 گرام 2700 ، روپے سے بڑھ کر 2750 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 1250 روپے سے بڑھ کر 1280 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 1200 روپے سے بڑھ کر 1245 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 80 گرام ، 1480 روپے سے بڑھ کر 1520 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 70 گرام A4 ، سائز 1180 روپے سے بڑھ کر 1200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 80 گرام A4 ، سائز 1400 روپے سے بڑھ کر 1450 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی A3 ، سائز 80 گرام 2500 روپے سے بڑھ کر 2600 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 3900 روپے سے کم ہوکر 3800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# کسٹمز پشاور: غلط وزن کرنے پر امپورٹرز کے خلاف ایف آئی آر درج

کراچی (بزنس ڈیسک) کسٹمز اپریزمنٹ پشاور نے متعدد درآمد کنندگان اور کسٹم ایجنٹس کے خلاف درآمدی سامان کے وزن کو غلط ظاہر کرکے سرکاری ریونیو کو چوری کرنے پر ایف آئی آر درج کرادی۔ ایف آئی آر میسرز مسام شنواری ٹریڈرز، میسرز قدیم انٹرپرائزز، میسرز ریان افغان کسٹمز ایجنسی، میسرز زیڈ اینڈ ایس ٹریڈرز، میسرز سودیس انٹرپرائزز، میسرز احمد اینڈ سنز، میسرز علی کسٹمز کلیئرنگ ایجنسی اور دیگر کے خلاف درج کی گئی ہے۔ چیف کلکٹر نارتھ محمد سلیم کے ذریعے کلکٹر آف کسٹمز اپریزمنٹ پشاور محمد شفق خان کو اطلاع ملی کہ کچھ کسٹمز کلیئرنگ ایجنٹوں نے واجب الاداڈیوٹی کی ادائیگی سے بچنے کے لیے NLC کی جاری کردہ ویٹ سلپس کا غلط استعمال کرتے ہوئے ان کے اصل وزن کے بجائے کم وزن اور ٹیکسمیں خراب ہونے والی کنسائنمنٹ کو کلیئر کردیا ہے۔ اطلاع ملنے پر ایڈیشنل کلکٹر کسٹمز محمد رضوان کی سربراہی میں ایک ٹیم تشکیل دی گئی ہے جو معاملے کی تحقیقات کرے گی۔ ابتدائی تحقیقات کے دوران یکم جون تا 8 اگست تک، گیٹ اِن پر کسٹمز انفورسمنٹ کے مینوئل رجسٹر میں تقریباً 203 وزن پرچی کے اندراجات جو مذکورہ کلیئرنگ ایجنٹس کی طرف سے کلیئر کیے گئے کنسائنمنٹس سے متعلق تھیں ان کے متعلقہ جی ڈیز سے میل نہیں کھاتی تھیں۔ ویب بیسڈ ون کسٹمز وی بوک میں کیونکہ ان کی سلپس دستی رجسٹر میں درج وزن سے کم وزن دکھا رہی تھیں۔ اس دوران ٹیم کو وزن کی آٹھ اصل پرچیاں ملی جو دستی رجسٹر میں بیان کردہ درست وزن اور دیگر تفصیلات کو ظاہر کرتی ہیں۔ مندرجہ بالا کلیئرنگ ایجنٹوں نے اصل وزن کا ذکر کرنے کے بجائے چھیڑ چھاڑ کی وزنی سلپس کا استعمال کیا اور وی بوک میں اپنے متعلقہ جی ڈیز کے مقابلے میں کم وزن کا ذکر کیا تاکہ واجب الاداڈیوٹی اور ٹیکس کی ادائیگی سے بچ کر غیر منصفانہ فائدہ حاصل کیا جاسکے۔ اصل وزنی پرچیوں کی وصولی نے ایجنٹوں کی طرف سے اپنی کنسائنمنٹس میں اپ لوڈ/ استعمال کی گئی وزنی سلپس میں چھیڑ چھاڑ/ جعلسازی کو ثابت کردیا ہے۔ اس ابتدائی مرحلے میں تقریباً 9.14 ملین روپے کا ریونیو نقصان ہوا ہے۔ مزید تفتیش جاری ہے۔ ایک اہلکار نے کہا کہ وزن کی ذمہ داری این ایل سی کی ہے، انہوں نے مزید کہا کہ اس اسکینڈل میں این ایل سی کا عملہ ساتھی تھا۔ اہلکار نے کہا کہ این ایل سی کے متعدد ملازمین کے رشتہ دار کسٹم ایجنٹ تھے اور وہ اکثر حکومت کو دھوکہ دینے میں ملوث تھے۔

# پیپر و بورڈ کے کٹنگ وسلٹنگ کے نرخ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) مارکیٹ اطلاعات کے مطابق پیپر و بورڈ کی ریل کٹنگ کے نئے نرخ مندرجہ ذیل ہیں۔

| | پیپر | بورڈ |
|---|---|---|
| سلٹنگ | 3.5 روپے فی کلو | بورڈ 2.00 روپے کلو |
| کٹنگ | 1.5 روپے فی کلو | بورڈ 1.50 روپے کلو |
| پیکنگ | 3.5 روپے فی کلو | بورڈ 3.50 روپے کلو |

پیپر پیکنگ 500 شیٹ اور بورڈ پیکنگ 100 شیٹ ہے۔ پیکنگ شیٹ میں تبدیلی پر چارجز علیحدہ ہوں گے۔

لفٹرز چارجز ریل کلیپ لفٹر، 150 روپے۔

بیلٹ (فورک لفٹر) 100 روپے۔

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34  23 X 36
CB + CFB + CF CARD
Colour Cards
COPY PAPER A4
CHAND TRADERS
Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411
Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# چائنا کے نیو یا برانڈ دونوں سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پیپر کے تنازعہ کا آغاز اور ہائی کورٹ میں کامیابی

## ریکارڈ کی جانچ پڑتال کے لئے نوٹسز کا اجرا


چائنا آرٹ پیپر کے مسئلے کے عبوری حل سے امپورٹرز نے کچھ سکھ کا سانس لیا تھا تو اس کے چند دن بعد ہی ڈی جی انٹیلی جنس اور انوسٹی گیشن کسٹمز کی جانب سے کراچی، لاہور و فیصل آباد کے درآمد کنندگان کو ریکارڈ کی جانچ پڑتال کیلئے جگہ کے معائنے کے نوٹسز جاری کئے گئے جس سے درآمد کنندگان میں بے چینی پیدا ہوگئی ہے۔ نوٹس میں درآمد کنندگان سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنا امپورٹ کا مکمل ریکارڈ، یوٹیلیٹی بلز کی کاپیاں، اکاؤنٹس بکس و لیجر، گیٹ پاسز وغیرہ، سیلز ٹیکس و انکم ٹیکس ریٹرنز کے ساتھ تمام متعلقہ ریکارڈ معائنہ کیلئے تیار رکھیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آئی اینڈ آئی محمد آفتاب نے اپنے نوٹس میں انٹیلی جنس آفیسر حمید الدین اور اپریزنگ آفیسر الیاس لچکی کو ریکارڈ کے معائنہ کیلئے نامزد کیا تھا۔

## نیو یا کوٹڈ رائٹنگ پیپر کی کلیرنس شروع ہوئی

دو ماہ سے زائد عرصہ تک نیو یا کوٹڈ رائٹنگ پیپر کی کلیرنس میں تعطل بالآخری دفعہ 81 کے تحت کلیرنس کے ذریعے شروع ہو گیا اور امپورٹرز نے ڈیٹینشن اور ڈیمرج کے نقصانات سے بچنے کے لیے کلیرنس شروع کر دی ہے۔

## امپورٹرز کی درخواست پر دفعہ 26B کے نوٹسز معطل

17 دسمبر 2020 کو ڈی جی انٹیلی جنس اور انوسٹی گیشن کسٹمز کی جانب سے کسٹم ایکٹ دفعہ 26B کے تحت کراچی، لاہور و فیصل آباد کے درآمد کنندگان کو ریکارڈ کی جانچ پڑتال کیلئے جگہ کے معائنے کے نوٹسز جاری ہونے کے خلاف میسرز سلمان پیپر پروڈکٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، اسپاٹ لٹ پرنٹرز (پرائیویٹ لمیٹڈ) اور اسٹار کنورٹیک (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے چیئرمین ایف بی آر، ڈی جی آئی اینڈ آئی کسٹم، ڈپٹی ڈائریکٹرز محمد آفتاب، آئی او حمیر الدین اور اپریزنگ آفیسر الیاس لچکی کے خلاف سی پی 6638/2020 پر سندھ ہائی کورٹ میں پٹیشنز داخل کی تھیں جس کی سماعت 22 دسمبر کو ہوئی عقیل احمد ایڈووکیٹ درخواست دہندگان کی جانب سے پیش ہوئے جس پر دو رکنی بنچ کے ججز حضرات جسٹس محمد جنید غفار اور جسٹس آغا فیصل نے اپنے حکم میں 17 دسمبر کے نوٹسز کو معطل کرتے ہوئے 19 جنوری کو سماعت مقرر کر دی۔ مدعا علیہان نے موقف اختیار کیا تھا کہ اس نوٹس کا اختیار آئی اینڈ آئی کو نہیں ہے بلکہ 13 جون 2009 کے نوٹیفکیشن کے تحت یہ اختیار ڈی جی پوسٹ کلیرنس آڈٹ (PCA) کو حاصل ہیں۔ جبکہ آئی اینڈ آئی نے اپنے اختیارات سے تجاوز کرتے ہوئے مدعا علیہان کو حراساں کیا ہے اور بدنیتی پر مبنی ہے۔ لہٰذا عدالت نے اس نوٹس کو معطل کر دیا۔




آئی بی ایم کے محمد سلیم بیکیا، جن کی انتھک محنت کے باعث نیو یا 2 سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پیپر کے کیس کا فیصلہ امپورٹرز کے حق میں ہوا، 16 اکتوبر 2020 کو شروع ہونے والے تنازعہ کے باعث گزشتہ 22 ماہ میں ہونے والی کوششوں کی 11 اگست 2023 کو سندھ ہائی کورٹ کے فیصلوں تک کی لمحہ بہ لمحہ تفصیل کا دوسرا حصہ۔

## کسٹم افسران کی ہٹ دھرمی پر وزیر اعظم کا انکوائری کا حکم

سلمان پیپر پروڈکٹس کے کیس بابت کوٹڈ رائٹنگ پیپر (عرف عام میں نیو یا آرٹ پیپر کہلاتا ہے) کو ڈائریکٹر انٹیلی جنس کی جانب سے روکے جانے، بعد ازاں قانون پر مکمل عملدرآمد کرنے، قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کو یقین دہانی کے باوجود مال کی کلیرنس میں تاخیری حربے استعمال کرنے، اراکین قومی اسمبلی اور وزیر اعظم آفس کی ہدایات کو نظر انداز کرنے پر ایک درجن کے قریب اراکین قومی اسمبلی کی شکایت کا وزیر اعظم نے فوری نوٹس لیتے ہوئے انکوائری کا حکم دے دیا ہے اور ایف بی آر کو اس سلسلے میں تحقیقات کے نتیجے میں ذمے دار کسٹم افسران جو ہراسانی کے مرتکب اور عدالتی احکامات بھی ماننے سے انکار کرتے رہیں ہیں، کیخلاف سخت تادیبی کارروائی کرنے کے احکامات جاری کئے۔

## فیڈریشن کی بھی چیف کلکٹر کے خلاف ایف بی آر کو شکایات

آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی تحریری اور چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا، سینئر وائس چیئرمین اپیما محمد انیس کی متعدد شکایات پر فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر نے چیئرمین ایف بی آر کے نام خط لکھا۔ 29 دسمبر 2020 کے اپنے خط میں صدر انجم نثار نے کہا ہے کہ چیف کلکٹر ساؤتھ نے ابتدائی طور پر پورٹ پر ایک کنسائنمنٹ روکے رکھا جس کے نتیجے میں امپورٹر کو بھاری ڈٹینشن اور ڈیمرج ادا کرنا پڑے اور بالآخر اسے دفعہ 81 کے تحت کلیئر کر دیا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ چیف کلکٹر نے اراکین اپیما کی خفیہ تجارتی معلومات کو حاصل کیا اور اس کی قانونی حیثیت جانے بغیر اسے استعمال کیا۔ اس کے علاوہ چیف کلکٹر نے قائمہ کمیٹی برائے فنانس اینڈ ریونیو قومی اسمبلی کی سفارشات اور فیصلوں پر بھی عمل نہیں کیا اور کسٹم کے دعویٰ کے مطابق 4810.1910 کے نمونے اب تک حاصل نہیں کئے گئے۔ صدر فیڈریشن نے کہا کہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ کاروباری رقیب کی غیر حقیقی شکایات پر مبنی کیس ہیں جس میں کہا گیا تھا کہ اراکین اپیما یہ مال 4810.1910 میں کلیئر کرا رہے ہیں جبکہ اسے 4810.1990 میں ہونا چاہیئے تھا۔ ناقابل قبول شکایات پر غیر ضروری اور سخت کارروائی کر کے مال کو پورٹ میں ڈیٹینشن کرنا اور کنٹراوینشن کیسز بنانا کسی طور پر درست نہیں تھا۔ جبکہ شکایات کنندہ نے 4810.1910 دونوں سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پیپر کے نمونے بھی فراہم نہیں کئے تھے جس سے موازنہ ہو سکے اور صحیح اور غلط کا تعین ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے متعدد بار تحریری اور زبانی نمونوں کا مطالبہ کیا لیکن وہ فراہم نہیں کی گئیں۔ صدر فیڈریشن نے چیئرمین ایف بی آر سے معاملہ کی تحقیقات کی درخواست کرتے ہوئے کہا کہ چیف کلکٹر ساؤتھ کو آئندہ اس قسم کے اقدامات سے باز رہنے کی ہدایت جاری کرنے کا مطالبہ کیا تھا اور کلیئرنس کے لیے قانونی طریقہ کار پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے اور چیف کلکٹر کو پابند کیا جائے کہ وہ دونوں سائڈ کوٹڈ رائٹنگ پیپر کے نمونے بمع لیب رپورٹ جو کہ 4810.1910 کی کیٹگری میں آتے ہیں فوری فراہم کرے۔ انجم نثار نے اس مسئلے پر فوری اقدامات کی درخواست بھی کی ہے۔

## فیڈریشن اور کراچی چیمبر کا چیف کلکٹر سے 2/s کوٹڈ رائٹنگ پیپر کے نمونے فراہم کرنیکا مطالبہ

فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے چیف کلکٹرز ساؤتھ کے نام اپنے علیحدہ علیحدہ خطوط میں ان سے مطالبہ کیا ہے کہ اکتوبر 2020 میں روکے گئے کنسائنمنٹ کے تنازعہ بابت دونوں سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پیپر 4810.1910 کے نمونے فوری فراہم کئے جائیں۔ دونوں ممتاز تجارتی تنظیموں نے اس سلسلے میں فوری نمونے فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔

## 2 سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پیپر کیلئے کلاسیفکیشن کمیٹی کا اجلاس

مشہور زمانہ 2 سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پیپر کیس کے حوالے سے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کی ہدایت پر قائم کی گئی خصوصی کلاسیفکیشن کمیٹی کا پہلا اجلاس یہاں طاہر قریشی کلکٹر ایم سی سی گوادر کی صدارت میں 11 جنوری کو کسٹم ہاؤس کراچی میں منعقد ہوا۔ کمیٹی کے دیگر اراکین میں شعیب رضا (ڈپٹی



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

ڈائریکٹر پوسٹ کلیرنس آڈٹ) ڈائریکٹر شکیل احمد (ایچ ای جے ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کراچی یونیورسٹی) نوشین ریاض (ڈپٹی کلکٹر آئی اینڈ آئی کراچی)، طارق عزیز (پرنسپل ایریزر ایم آئی سی سی اے اینڈ ایف، پورٹ قاسم کراچی اور انچارج لیبارٹری کسٹم ہاؤس کراچی شامل تھے۔ اجلاس میں سلمان پیپر پروڈکٹس پرائیویٹ لمیٹڈ، کریم ایسوسی ایٹس، آئیڈیل ٹیکس منیجمنٹ، آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن، سنچری پیپر اینڈ بورڈ ملز لمیٹڈ اور میسرز بلھے شاہ پیکجنگ پرائیویٹ لمیٹڈ کو مدعو کیا گیا تھا۔ اجلاس میں کمیٹی کے اراکین کے علاوہ اپیما، کریم ایسوسی ایٹ اور سلمان پیپرز کی نمائندگی محمد سلیم بیکیا، محمد انیس، عقیل احمد ایڈووکیٹ اور مسعود عزیز اینڈ کمپنی کے اقبال احمد ایڈووکیٹ نے کی۔ جبکہ آئیڈیل ٹیکس منیجمنٹ کی جانب سے غلام احمد اور ڈان پیپر مارٹ کے مراد اقبال شریک ہوئے۔ پیپر مینوفیکچرار کی نمائندگی بلھے شاہ کے تنویر احمد اور فیصل نے کی۔ اجلاس میں فریقین کا موقف سننے کے بعد کہا گیا کہ وہ اگر مزید کوئی دستاویز، شہادتیں جمع کرانا چاہیں تو دو دن میں جمع کرا دیں اس کی روشنی میں کمیٹی اپنا فیصلہ جاری کر دے گی۔

## کلاسیفکیشن کمیٹی کے اجلاس میں امپورٹرز کا موقف نہ سننے کے خلاف سندھ ہائی کورٹ سے رجوع

2 سائیڈ کوٹڈ خصوصی کلاسیفکیشن کمیٹی کو پہلے اجلاس میں متعدد امپورٹرز نے جو کہ اس کیس کے متاثرین بھی تھے نے شرکت کی درخواست کی تھی تاہم کمیٹی نے انہیں شرکت کی اجازت نہیں دی تھی۔ جس پر ان امپورٹرز نے سندھ ہائی کورٹ میں آئینی درخواست نمبر D-348/2021 دائرز کر دی ہے جس میں انہوں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ ہماری غیر حاضری کی صورت میں ہمیں سنے بغیر ہمارے خلاف کوئی بھی فیصلہ ہوا تو یہ انصاف کے تقاضوں کے خلاف ہوگا۔ لہٰذا عدالت سے استدعا ہے کہ وہ کمیٹی کو حکم جاری کریں کہ وہ ہمارا موقف سنے بغیر کوئی فیصلہ نہ کرے اور ہمارا موقف بھی ضرور سنے اور کسی بھی قسم کا مخالفانہ فیصلہ جب تک نہ کرے جب تک ہمیں سن نہ لیا جائے۔ اس سلسلے میں عدالتی فیصلے سے چیئرمین کلاسیفکیشن کمیٹی کو 19 جنوری کو تحریری طور پر آگاہ کر دیا گیا ہے اس کے ساتھ ساتھ امپورٹرز کے وکلا نے اس سلسلے میں ایف ٹی او میں 20 جنوری کو ہونے والی سماعت کی تفصیل بھی چیئرمین کمیٹی کو بھیج دی ہے۔

## قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں ایڈیشنل ڈائریکٹر انٹیلی جنس شیراز احمد کی سخت سرزنش

15 جنوری 2021 بروز جمعہ کو پارلیمانی سب کمیٹی برائے فنانس اینڈ ریونیو کا تیسرا اجلاس ہوا۔ کنوینیر سب کمیٹی اور ممبر قومی اسمبلی فہیم خان کی صدارت میں ہوا۔ سب کمیٹی ممبر و ممبر قومی اسمبلی کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد اور سیکریٹری کمیٹی عامر عمر ملک بھی اجلاس میں موجود تھے۔ اجلاس کے دوران کسٹمز کے مسائل کے حوالے سے تفصیلی بات چیت ہوئی۔ اجلاس میں چیئرمین ایف بی آر، ممبر کسٹم، چیف کلکٹر ساؤتھ کراچی، کلکٹر ایسٹ کلکٹر ویسٹ کلکٹر پورٹ قاسم، کلکٹر گوادر و چیئرمین کلاسیفکیشن خصوصی کمیٹی، ڈی جی ویلیوشن، ڈی جی افغان ٹرانزٹ، ڈائریکٹر کسٹم انٹیلی جنس، ڈائریکٹر ایف آئی اے بھی موجود تھے۔ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی طرف سے سینئر وائس چیئرمین محمد انیس، محمد سلیم بیکیا، سعد صہیب وائیں اور عقیل احمد اور کراچی کسٹم ایجنٹ ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ اس سے قبل 7 جنوری کو اجلاس کے ایجنڈے کے اجرا میں ممبر کسٹم کو ذاتی حیثیت میں حاضر ہونے کے ساتھ ساتھ دونوں سائڈ کوٹڈ پیپر 80-90-113 اور 128 گرام کے نمونے (5 شیٹس ہر گرام 20x30 سائز) جس پر کسٹم کی ہر نمونے پر مہر ہو اور 4810.1910 کے زمرے میں آتے ہوں اور جس کی بنیاد پر سلمان پیپر پروڈکٹس کے خلاف شکایت درج ہے ہمراہ لانے کی ہدایت کی گئی تھی۔ تاہم اطلاعات کے مطابق کسٹم حکام اجلاس میں مطلوبہ نمونے پیش کرنے میں ناکام رہے۔ کمیٹی کی اندرونی کہانی جو پیپر بزنس نیوز کو موصول ہوئی اس کے مطابق اجلاس میں زیادہ تر وقت کوٹڈ رائٹنگ پیپر کی کلیرنس کو روکے جانے سے متعلق مسئلہ پر بحث ہوئی۔ اپیما کی جانب سے عقیل احمد ایڈووکیٹ نے تفصیلی رپورٹ اور شہادتیں پیش کیں کہ ایک غیر منطقی شکایت کی بنیاد پر نامعلوم ''خفیہ'' وجوہات پر ہمارے اراکین کی درآمدی اشیا کو روک لیا گیا اور اسے عبوری کلیرنس دینے سے بھی انکار کر دیا گیا جس کا امپورٹرز کو قانونی حق حاصل تھا اس کے علاوہ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی بابت فنانس اینڈ ریونیو کے تیس نومبر کے اجلاس کی سفارشات پر بھی عمل نہیں کیا گیا جبکہ یہ سفارشات چیف کلکٹر ساؤتھ کی موجودگی میں طے ہوئی تھیں نہ صرف یہ بلکہ چیف کلکٹر ساؤتھ نے سندھ ہائی کورٹ کی پٹیشن نمبر D-6104/2020 پر اس کے 7 دسمبر 2020 کے حکم کے علاوہ ایف بی آر کے خط مورخہ 9 دسمبر 2020 پر بھی جان بوجھ کر عمل نہیں کیا جس سے ہمارے ممبران کو تقریباً سات کروڑ روپے کے ڈیمرج اور ڈیٹنشن چارجز کا سامنا کرنا پڑا۔ اپیما نے مزید موقف اختیار کیا تھا کہ کسٹم اندھا دھند اور غیر ضروری شکایات پر اپنے زیادہ سے زیادہ اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے تمام فورم کی سفارشات کو خاطر میں نہیں لایا اور درآمد کنندگان کو مجبور کیا کہ وہ عدالتوں کا دروازہ کھٹکھٹائیں اور اعلیٰ ارباب اختیار کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی کی درخواستیں دائر کریں۔ اس کے علاوہ درآمد کنندگان کو اس سلسلے میں جاری ہونے والے غیر قانونی شوکاز نوٹس، ڈیمانڈز اور دفعہ 26-B کسٹم ایکٹ کے تحت نوٹسز کو معطل کرانے کے لیے بھی عدالتوں سے رجوع کرنا پڑا۔ اپیما نے موقف اختیار کیا کہ چیف کلکٹر ساؤتھ نے اپنے ماتحتوں کو مجبور کیا کہ وہ ان پیپر مرچنٹس کے ساتھ ناروا سلوک کریں اور انہیں تنگ کریں تاکہ ان کے سابق سربراہ جو کہ شکایت کنندہ کے نمائندہ بن کر کسٹم میں پیش ہو رہے تھے انہیں خوش کیا جا سکے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کو مزید بتایا گیا کہ کلاسیفکیشن کمیٹی کے اجلاس میں درآمد کنندگان کو شرکت سے روک دیا گیا جبکہ وہ اس مسئلے سے براہ راست متاثر تھے اور اپنی جانبداری ظاہر کرتے ہوئے شکایت کنندہ اور ان کے قانونی مشیر کو اجلاس میں بیٹھنے کی اجازت دی گئی۔ عقیل احمد نے پیپر مرچنٹس کی جانب سے کمیٹی کو مزید بتایا کہ کسٹم کے دیگر غیر قانونی امور میں ایڈیشنل ڈائریکٹر انٹیلی جنس شیراز احمد کا ناروا رویہ بھی شامل ہے جنہوں نے اپنے اختیارات سے تجاوز کرتے ہوئے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے اراکین کو خوف زدہ کرنے کے لیے دفعہ 26-B کے تحت نوٹسز بھیجے یہ نوٹسز بھی عدالت نے ناخوشگوار رائے کے ساتھ معطل کیے۔ عقیل احمد نے کمیٹی کو مزید بتایا کہ اراکین اپیما قانون پسند تاجر اور ٹیکس دہندہ ہیں اور وہ قانونی درآمد کے ذریعے پیپر و پیپر بورڈ درآمد کرتے ہیں جس میں دونوں سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ، پرنٹنگ، آرٹ اور دیگر گرافکس مقاصد میں استعمال ہوتا ہے، شامل ہے۔ یہ پیپر پاک چائنا ایف ٹی اے میں ایچ ایس کوڈ 4810.1910 میں عرصہ دراز سے کلیئر ہوتا چلا آ رہا ہے جس کی بنیاد کسٹم کا ایگزامینیشن اور لیباٹری رپورٹس تھیں۔ لیکن کچھ عرصہ قبل چند کاروباری رقیبوں نے جس کا تعلق لاہور و کراچی سے ہے ایک غیر منطقی شکایت جوان کے مشیر سابق کسٹم آفیسر غلام احمد کی معرفت داخل کی گئی جس پر کسٹم نے یہ غیر حقیقی اور غیر منصفانہ اقدامات اٹھائے جس میں اشیا کو پورٹ پر روک لینا بھی شامل تھا ان کے علاوہ کنٹراوینشن کیسز بھی بنائے گئے اور اس کے لیے شکایت کے حقیقی اور غیر حقیقی ہونے کی تحقیق بھی نہیں کی گئی جبکہ شکایت کنندہ نے اپنے دعویٰ کے مطابق 4810.1910 کا نمونہ بھی منسلک نہیں کیا تھا جس سے اشیا کا موازنہ کیا جا سکتا۔ عقیل احمد نے مزید کہا کہ باوجود ایف پی سی سی آئی، کراچی چیمبر اور اپیما کی متعدد درخواستوں و خطوط کے اب تک شکایت کنندہ نے اس کا نمونہ فراہم نہیں کیا ہے جو 4810.1910 میں آتا ہو۔ اس تفصیلی بریفنگ کے بعد قائمہ کمیٹی کے کنو یز اور دیگر اراکین نے ایڈیشنل ڈائریکٹر آئی اینڈ آئی کسٹم کے 26-B کے غیر قانونی نوٹسز کا سخت نوٹس لیا اور ان سے سوال کیا کہ وضاحت کریں کہ کیا آپ کو ان نوٹسز کے اجرا کا اختیار تھا؟ پہلے تو ایڈیشنل ڈائریکٹر نے کمیٹی کو اصل سوال سے توجہ ہٹانے کی کوشش کی اور غیر ضروری جوابات دیئے لیکن حتمی طور پر انہوں نے اپنی غلطی تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ ان نوٹسز کے اجرا کا انہیں اختیار نہیں تھا۔ جس پر قائمہ کمیٹی نے فوری طور پر ڈی جی انٹیلی جنس کو نوٹس جاری کیا کہ وہ قائمہ کمیٹی کے آئندہ اجلاس میں اپنے ماتحتوں کے اس غیر قانونی عمل کی وضاحت پیش کریں۔ قائمہ کمیٹی کے کنوینئر فہیم احمد خان نے کسٹم کے غیر قانونی اقدامات، خوف و ہراس پھیلانے، غیر ضروری تاخیر، شکایت کردہ اشیا کے نمونے فراہم نہ کرنے، قائمہ کمیٹی کی سفارشات اور فیصلوں کو اہمیت نہ دینے، غیر قانونی کنٹراوینشن نوٹسز دینے، درآمد کنندگان کو غیر قانونی ڈیمانڈ جاری کرنے، ہائی کورٹ کے احکامات پر عملدرآمد میں تاخیر اور تسلیم نہ کرنے اور دیگر غیر قانونی عوامل کا نوٹس لیتے ہوئے ممبر کسٹم اور دیگر کسٹم حکام سے کہا کہ کمیٹی آپ کی کارکردگی سے مطمئن نہیں ہے ان کا طرز عمل ظاہر کرتا ہے کہ وہ اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کر رہے ہیں لہٰذا کمیٹی اس نتیجے پر پہنچی ہے کہ وہ اس کیس کو ایف آئی اے کے حوالے کرے کہ وہ جھوٹی شکایت کرنے پر شکایت کنندہ سمیت کسٹم حکام، ایڈیشنل ڈائریکٹر انٹیلی جنس کے خلاف مکمل تحقیقاتی رپورٹ پیش کرے جس کی روشنی میں ایف آئی آر درج کرانے کی کارروائی پر غور کیا جا سکے۔ قائمہ کمیٹی نے آئندہ اجلاس میں رپورٹ اور تحقیقات کی روشنی میں امپورٹرز کے نقصانات کے ذمے داران کا تعین کرے گی اور ان کے خلاف کارروائی کی سفارش کرے گی۔

(باقی آئندہ)



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# پاکستان سیکورٹی پرنٹنگ کا پیپر کا ٹینڈر

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: LP/T-1847/23
میٹ کوٹڈ پیپر، سائز 23x36۔115 گرام، تعداد: 200 ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 8 ستمبر 2023ء
برائے رابطہ: مین گیٹ فیکٹری، جناح ایونیو، ملیر ہالٹ، کراچی۔
فون: 021-99248511-15

# پی آئی اے کے پیپر و کارڈ کے ٹینڈرز

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: DGMPC/A-4 Paper Local/23-24
پیپر A4 سائز، 70 گرام، تعداد: 7500 ریم
☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: PR-23010061
میٹ فنش کارڈ وائٹ، سائز 22x28، 180 تا 185 گرام
تعداد: 340,000 شیٹس۔
☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: PR/00210052
بلیچ کارڈ وائٹ، سائز 22x28، 250 گرام
تعداد: 150,000 شیٹس۔
☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: PR-23010053
بلیچ کارڈ وائٹ سائز، 25x30، 250 گرام
تعداد: 150,000 شیٹس
ٹینڈرز کلوزنگ کی تاریخ: 4 ستمبر 2023ء
برائے رابطہ: کمرشل پرچیز سیکشن، سپلائی چین مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ، پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن، ایئرپورٹ، کراچی۔
فون: 021-99043304/99045137

# ایکسپورٹ پروسسنگ زون اتھارٹی کو پیپر درکار

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: Admin/296/2023
فوٹو اسٹیٹ پیپرز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 5 ستمبر 2023ء
برائے رابطہ: سیکریٹری آفس، لانڈھی انڈسٹریل ایریا، ایکس ٹینشن، مہران ہائی وے، کراچی۔
فون: 021-99208039/99208041-44

# انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: DIR/I&I-IR/2023-24/82
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 4 ستمبر 2023ء
برائے رابطہ: کمرہ نمبر 216، دوسری منزل، ان لینڈ ریونیو، سیلز ٹیکس ہاؤس، پرانی سبزی منڈی، عسکری پارک، یونیورسٹی روڈ، کراچی۔

# آڈیٹر جنرل پاکستان کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 5 ستمبر 2023ء
برائے رابطہ: آفس، آڈٹ ہاؤس، شاہراہ دستور، اسلام آباد۔




فون: 051-9202505

# چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو کا اسٹیشنری و پرنٹنگ کا ٹینڈر

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: 02/2023-24
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 4 ستمبر 2023ء
برائے رابطہ: اسسٹنٹ کمشنر (ہیڈ کوارٹر) آفس، کارپوریٹ ٹیکس آفس، ٹیکس ہاؤس۔2، آر ڈی این سینٹر، ماؤ ایریا، G-9/1، اسلام آباد۔
فون: 051-9106680

# فیصل آباد انٹر بورڈ کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: 300/SS
ریپنگ پیپر، سائز 25x36، 75 تا 80 گرام، تعداد: 20 ریم
ریپنگ پیپر، سائز 34x46، 75 تا 80 گرام، تعداد: 10 ریم
اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 13 ستمبر 2023ء
برائے رابطہ: اسٹور برانچ، فیصل آباد۔
فون: 041-2517721

# انوائرنمنٹ پروٹیکشن کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 4 ستمبر 2023ء
برائے رابطہ: آفس، پانچویں منزل، بلڈنگ نمبر۔2، ایوان اقبال کمپلیکس، ایگرٹن روڈ، لاہور۔
فون: 042-99203863

# سرگودھا انٹر میڈیٹ بورڈ کا پیپرز کا ٹینڈر

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: 412/ اسٹورز
☆ ہائی فنش بلوائیش پیپر (یا مساوی) 68 گرام، سائز: 17x27، تعداد: 15000 ریم۔
☆ آفسیٹ پیپر آئی کے/ مساوی، A3 سائز، 80 گرام، تعداد: 7000 ریم۔
☆ آفسیٹ پیپر آئی کے/ مساوی، F4A سائز، 80 گرام، تعداد: 3000 ریم۔
☆ آفسیٹ پیپر آئی کے/ مساوی، A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 2500 ریم۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 5 ستمبر 2023ء
برائے رابطہ: اسٹورز برانچ، سرگودھا۔
فون: 048-3250051/048-3250059

# پاکستان پبلک سروس کمیشن کو پیپر و اسٹیشنری درکار

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: 01/2023-24
پیپر A3 سائز، 80 گرام، امپورٹڈ ڈبل اے برانڈ، تعداد: 100 ریم۔
پیپر لیگل سائز، 80 گرام، امپورٹڈ ڈبل اے برانڈ، تعداد: 490 ریم
اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 4 ستمبر 2023ء
برائے رابطہ: سیکریٹری آفس، ایل ڈی اے پلازہ، ایگرٹن روڈ، نزد ایوان اقبال، لاہور۔
فون: 042-992027263-99202740

# فاطمہ جناح یونیورسٹی کے پیپر و پرنٹنگ کے ٹینڈرز

☆ ہسٹری بک کی پرنٹنگ، تعداد: 500 کاپی
☆ پیپرز A4 سائز۔ پیپرز فولیو سائز (ڈبل اے برانڈ یا مساوی) کلر پیپرز (8 کلر)۔ گلوسی پیپر امپورٹڈ A3 سائز۔ گلوسی فوٹو پیپرز امپورٹڈ A4 سائز، میٹ پیپرز امپورٹڈ لیگل سائز، پیپر A3 سائز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: یکم ستمبر 2023ء
برائے رابطہ: پرچیز ڈپارٹمنٹ، کوئنز روڈ، لاہور۔
فون: 042-99203718

# اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کا پیپرز و اسٹیشنری کا ٹینڈر

پیپر لیگل سائز، 80 گرام، ڈبل اے/ پیپر ون/ آر یا برانڈ یا مساوی۔ تعداد: 500 ریم۔
اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: یکم ستمبر 2023ء
برائے رابطہ: پرچیز سیکشن، ٹریژرار آفس، عباسیہ کیمپس، بہاولپور۔
فون: 062-9250245/9250328

# اسلام آباد انٹر میڈیٹ بورڈ کا پیپر، پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر

امتحانی میٹریل کی پرنٹنگ، اسٹیشنری آئٹمز اور لفافے مختلف سائز میں۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 5 ستمبر 2023ء
(باقی اگلے صفحے پر)


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# رانا آفتاب احمد آل پاکستان کاروگیٹڈ کارٹن ایسوسی ایشن فیصل آباد زون کے چیئرمین منتخب

فیصل آباد (نیوز ڈیسک) جہانگیر گروپ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر رانا آفتاب احمد کو آل پاکستان کاروگیٹڈ کاٹن ایسوسی ایشن فیصل آباد زون کا چیئرمین منتخب کرلیا گیا ہے۔اس سلسلہ میں منگل 22اگست کو فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں مذکورہ صنعت سے وابستہ مقامی افراد کی بڑی تعداد کے علاوہ آل پاکستان کاروگیٹڈ کاٹن ایسوسی ایشن کے مرکزی چیئرمین ذکی اعجاز قریشی، لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر محمد عدنان خالد بٹ، چیئرمین جہانگیر گروپ رانا فیاض احمد، فیصل آباد ایسوسی ایشن کے چیئرمین ریاض الحق چوہدری اور مرزا محمد ریاض ودیگران نے بھی شرکت کی۔مرکزی چیئرمین ذکی اعجاز قریشی نے اس صنعت سے وابستہ افراد کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ملکر جدوجہد کرنے پر زور دیا اور اس توقع کا اظہار کیا کہ فیصل آباد کی تنظیم اس سلسلہ میں کلیدی کردار ادا کرے گی۔نو منتخب چیئرمین رانا آفتاب احمد نے اس صنعت کو درپیش مسائل پر روشنی ڈالی اور ممبران پر زور دیا کہ وہ اپنے مسائل کے بارے میں آگاہ کریں تا کہ ان کے حل کیلئے آواز بلند کی جاسکے۔آخر میں مرکزی چیئرمین نے فیصل آباد زون کے چیئرمین رانا آفتاب احمد کو چیئرمین شپ کا سرٹیفکیٹ بھی پیش کیا۔

---

# نگراں وزیر خزانہ شمشاد اختر کا ایف بی آر ہیڈ کوارٹر کا دورہ

